سوال

(8)لڑکی کا دل میں کسی سے محبت کرنا اوراس سے شادی کی دعا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا یہ غلط ہے کہ کوئی لڑکی کسی شخص سے اپنے دل میں محبت رکھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتی رہے کہ اس کی اس سے شادی ہو جائے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب یہ محبت اسے اللہ تعالیٰ کی محبت سے غافل نہ کرے اوراس میں کوئی حرام کام شامل نہ ہو مثلاًاس سے بلا ضرورت بات چیت اور ملاقات وغیرہ (جو حرام ہے) تو پھر ان شاء اللہ اس محبت میں کوئی حرج نہیں جو صرف دل تک محدود ہے اوراس میں بھی کوئی حرج نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتی رہے کہ اللہ تعالیٰ اسے اس کے نصیب میں کر دے ، بشرطیکہ وہ شخص مسلمان ہو، اس کے عمل صحیح ہوں، وہ اسلامی احکامات کا التزام کرتا ہو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح و طلاق

سلسلہ فتاویٰ عرب علماء 4

صفحہ نمبر 43

محدث فتویٰ